# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد۔محکمہ زراعت اور آبپاشی کے محکموں میں جاری پراجیکٹس پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا گیا**

**کسان کارڈ موجودہ حکومت کا فلیگ شپ منصوبہ ہے جس سے نہ صرف کاشتکاروں کی ڈیجیٹل لٹریسی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ انہیں سبسڈی کی رقم بھی شفاف انداز میں پہنچائی جا رہی ہے،صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی**

**لاہور: 31 جنوری 2022(       )** صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں زراعت اور آبپاشی کے محکموں میں جاری پراجیکٹس پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں صوبائی وزیر آبپاشی محسن خان لغاری، چیف سیکرٹری پنجاب کامران افضل، وزیر اعلیٰ مانیٹرنگ یونٹ کے ہیڈ فیصل آصف، سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی، سیکرٹری آبپاشی سیف انجم کے علاوہ سنیئر آفسران نے شرکت کی۔صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کی ہدایت پر محکمہ زراعت و آبپاشی میں بہتری کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے تا کہ حکومت جس تبدیلی کے نعرے کے ساتھ آئی تھی اُس کو پورا کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے تحت شروع کئے گئے مختلف منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔کسان کارڈ موجودہ حکومت کا فلیگ شپ منصوبہ ہے جس کے تحت کسانوں کو زرعی اجناس، بیج اور زرعی آلات پر حکومت کی جانب سے سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ محکمہ آبپاشی کو اپنی سروس ڈیلیوری مزید بہتر بنانے کی طرف توجہ مبذول کرنے کی ضرورت ہے۔صوبائی وزیر آبپاشی محسن خان لغاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت کی جانب سے جلال پور کنال اریگیشن پراجیکٹ کی تکمیل سے پنڈ دادنخان اور خوشاب کا ایک لاکھ 70 ہزار ایکڑ رقبہ سراب ہوگا اور اس کی لمبائی 116 کلومیٹر پر محیط ہے جس سے اس علاقے کی زراعت کے شعبہ سے منسلک آبادی کو بھرپور فائدہ پہنچے گا۔انہوں نے کہا کہ لینڈ کے حصول کے لئے تمام تر کاوشیں برائے کار لانے پر زور دیا۔سیکرٹری زراعت اسد رحمان گیلانی نے مالی سال 2021-2022 کے 31 بلین ڈویلپمنٹ بجٹ، 17.5 بلین نان ڈویلپمنٹ بجٹ پر بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ ایگریکلچر ریسرچ اور انوئیشن کے 25 منصوبوں پر 14.8 بلین روپے، زراعت کے شعبہ (توسیع) سروسز کے 10 منصوبوں پر 33.3 بلین روپے، واٹر مینجمنٹ ونگ کے 12 منصوبوں پر 109 بلین روپے اور ایگری ایجوکیشن کے 8 منصوبوں پر 4.7 بلین روپے، ایگری میکنیزم سروسز کے 7 منصوبوں کے لئے 12.4 بلین روپے جبکہ ایگریکلچر مارکیٹنگ کی بہتری کے 7 منصوبوں کے لئے 24.5 بلین روپے مختص کیے گئے ہیں جن پر کام جاری ہے۔اسد رحمان گیلانی نے سیڈ کی پیداوار ایگریکلچر ٹرانسفورمیشن پلان کے تحت سیڈ کی پیداوار اور اس کی تقسیم، فصلوں کی پیداوار بڑھانے کے لئے میکنا ئزڈ ایگریکلچر کا فروغ، سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لئے زراعت کے شعبہ (توسیع) کی پرائیوٹزیشن کے مقاصد، پرائم منسٹر ایگریکلچر ایمر جنسی پیکیج، کسان کارڈ، زرعی شعبہ میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے اقدامات کے بارے میں بتایا۔سیکرٹری آبپاشی سیف انجم نے محکمہ آبپاشی کے ڈی جی خان کے اریگیشن زون میں پہاڑی ٹورنیٹ کی مینجمنٹ، تریمو بیراج، پنجند ہیڈ ورکس کی بحالی و اپ گریڈیشن، کتب ڈرین کی توسیع و بحالی، اسلام بیراج کی بحالی اور سیلکٹیو لائنگ اریگیشن چینلز، جلال پور اریگیشن پراجیکٹ اور چوبرہ برانچ گریٹر کنال کے پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی۔

☆☆☆☆